بسم اللہ الرحمن الرحیم

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

یا رسول اللہ

یا اللہ

شجرۂ مبارکہ

سلسلۂ عالیہ قادریہ برکاتیہ

خلیفۂ حضور سید العلما و حضور احسن العلما علیہما الرحمہ، شیخ طریقت، عالم شریعت، مفتی اعظم نیپال، حضور شیر نیپال

مفتی جیش محمد صدیقی برکاتی علیہ الرحمہ

مع

روحانی تحفہ

مرتب

ابو العطر محمد عبد السلام امجدی برکاتی عفی عنہ (تاراپٹی، نیپال)

Design by : Razvi Computer, INDORE (M.P.-INDIA) # 09827014799

فہرست مضامین

شیخ طریقت حضور شیر نیپال علیہ الرحمہ	3
شیخ طریقت کے چند اوصاف	4
شجرہ عالیہ پڑھنے کے فوائد	6
شجرہ شریف سے پہلے کئے جانے والے اعمال	9
سورہ فاتحہ	9
آیۃ الکرسی	10
سورہ اخلاص	10
سورہ فلق	10
سورہ ناس	10
درود تاج	11
شجرہ عالیہ قادریہ برکاتیہ مارہرہ مطہرہ	12
فاتحہ سلسلہ و دعا	14
درود غوثیہ	14
وظائف پنج گنج قادریہ	15
ہر حاجت کے لئے وظائف	17
مختصر دعائیں	19
روحانی تحفہ	21
پنجوقتہ نمازوں کے بعد کے وظائف	21
ہفتہ بھر کے معمولات	22
بڑی دعائیں	23
درود شریف کے فوائد و برکات	27
چند مشہور درود شریف	28
دعا بعد درود شریف	31
سونے کے وقت کے وظائف	33
صبح و شام کے اوراد	34
شب جمعہ کے وظائف	34
اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت	35
پریشانی اور مصیبت کے وقت کے وظائف	41
مقبول دعائیں	42
مناجات بارگاہ خدا عزوجل	45
مناجات بارگاہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم	46
دعا	46
مناجات امام بوصیری	48
الصلوٰۃ والسلام	49
الدعاء	50

شیخ طریقت حضور شیر نیپال علیہ الرحمہ
اور آپ کا شجرہ شریف

پھونک دی یہ آگ کس کے حسن بزم افروز نے
اور ہی کچھ سوختن ہے شمع و پروانے میں آج

شیخ طریقت، ولیٔ باکرامت حضور شیر نیپال مفتی جیش محمد صدیقی برکاتی علیہ الرحمہ کی شخصیت شریعت وطریقت پر استقامت کے ساتھ اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب ﷺ کی محبت وعشق میں زندگی بسر کرنے والی تھی۔ آپ شریعت کے پاسبان، طریقت کے عالم، اہل سنت کے روحانی پیشوا اور مسلک اعلیٰ حضرت کے مبلغ ومحافظ تھے، نیز تصوف کے رموز و باریکی سے آگاہ تھے۔ آپ مارہرہ شریف کے ولی صفت اور خدا ترس شیخ طریقت حضور سید العلما علیہ الرحمہ کے دست حق پرست پر بیعت تھے اور انہیں سے آپ کو خلافت و اجازت حاصل تھی اور سلسلہ عالیہ قادریہ برکاتیہ میں آپ مسلمانوں کو داخل کرتے تھے۔ تصوف کے راز اور سلوک و معرفت کا علم پیر و مرشد حضور سید العلما علیہ الرحمہ کی آستانہ اور ان کی خدمت سے حاصل تھی۔

شیخ طریقت کے چنداوصاف

- آپ حافظ قرآن کریم اور عالم شریعت وطریقت تھے۔
- متعدد مدارس ومکاتب ومساجد اور تنظیموں کے بانی ومحرک اور سرپرست تھے۔
- شریعت پر گامزن اور راہ سلوک ومعرفت کے مسافر تھے۔
- قرآن شریف کی کثرت سے تلاوت کرتے تھے۔
- درود وسلام بکثرت اور پابندی کے ساتھ آقا کریم ﷺ کی بارگاہ میں پیش کرتے تھے۔
- تسبیح وتہلیل، تحمید واستغفار اور دیگر اوراد ووظائف کے پابند تھے۔
- شاگردوں اور مریدوں پر بیحد مشفق ومہربان تھے۔
- عوامی ونجی محفلوں ومجلسوں میں پند ونصیحت کرنا آپ کا معمول تھا۔
- علما سے آپ بیحد محبت کرتے تھے، مشائخ اہل سنت کا خوب احترام کرتے تھے۔
- اچھوں کی صحبت اختیار کرنے کا حکم دیتے تھے اور بروں کی صحبت سے روکتے تھے۔
- نمازوں کا اہتمام ان کے وقت پر کرتے تھے اور فرض نمازوں کے ساتھ سنن ونوافل اور قیام اللیل کے بھی عاشق تھے۔
- دینی کتابوں کے مطالعہ میں زیادہ وقت صرف کرتے تھے۔
- خالص چیزیں ہی آپ استعمال کیا کرتے تھے۔
- کھانا کم کھاتے تھے اور سوتے بھی بہت کم تھے اور بے وجہ اور بے محل کلام نہیں کرتے تھے۔
- صبر ورضا کا درس دیتے تھے اور اس پر عامل بھی تھے۔
- اللہ تعالیٰ کی ذات پر یقین واعتقاد کامل تھا اور توکل بھی لاجواب تھا۔
- نعمتوں پر شکر کا اظہار کرتے تھے اور اپنی خوشی میں دوسروں کو شریک بھی کرتے تھے۔

- مہمانوں کی خاطر و تواضع اور خوب احترام و اکرام کرتے تھے۔
- متواضعین کے ساتھ تواضع کے ساتھ اور متکبرین کے ساتھ کر و فر اور بارعب ہو کر پیش آتے تھے اور حدیث میں ہے: تواضعوا مع المتواضعين فان التواضع مع المتواضعين صدقة وتكبروا مع المتكبرين فان التكبر مع المتكبرين صدقه۔ (تنقیح القول الحثیث بشرح لباب الحدیث للسیوطی ص ۱۲۳)
- دعوت و تبلیغ میں جو نذرانہ بلا مطالبہ و ڈیمانڈ کے ارکان جلسہ یا اہل خانہ کی طرف سے پیش کیا جاتا اس کا اکثر حصہ دینی کاموں اور اپنے ادارے میں صرف فرماتے تھے۔
- یتیموں پر شفقت اور بیواؤں کی خیر خواہی کرتے تھے۔
- ہمیشہ باوضو رہتے اور سونے سے قبل بھی وضو کا اہتمام ہمیشہ کرتے۔
- سفید کپڑوں کو ترجیح دیتے تھے اور زیادہ تر سر پر عمامہ شریف سجائے رہتے۔
- سفر میں جائے نماز، بچھانے و اوڑھنے کی چادر، وضو کے لئے لوٹا، مسواک اور سمت قبلہ معلوم کرنے والا آلہ ساتھ رکھتے۔
- سفر میں روانہ ہونے سے قبل نفل نماز پڑھتے اور واپسی پر بھی۔
- رشتہ داروں کے ساتھ محبت سے پیش آتے تھے اور ان کی خبر گیری بھی کیا کرتے تھے۔
- امتحان میں کامیاب ہونے والے طلبہ کو سراہتے اور ان کی حوصلہ افزائی کرتے تھے۔
- اول کلمہ سے چھٹے کلمہ تک مع ایمان مفصل اور ایمان مجمل کا روزانہ ورد کرتے تھے۔

شیخ طریقت حضور شیر نیپال علیہ الرحمہ مسلمانوں کو اپنے سلسلہ میں داخل کرنے کے بعد شجرہ شریف بھی عطا فرماتے تھے جو اردو اور ہندی دونوں زبان میں ہوتا، جس میں آپ کی ذات سے لے کر حضور رحمت ﷺ تک سلسلہ اور نفوس قدسیہ کا پر نور ذکر ہے اور سلسلہ کے بزرگوں سے منقول اوراد و وظائف بھی جو بے شمار فوائد و برکات کا سمندر اور کامیابی کی سند ہیں۔

آپ کے وصال کے بعد کئی احباب نے آپ کا شجرہ شریف فقیر سے طلب کیا اور مجھے بھی اس کی حاجت تھی۔ پی ڈی ایف فائل حاصل نہ ہونے کی وجہ سے پریشان تھا اور احباب کا تقاضہ اور شوق طلب بڑھتا جا رہا تھا۔ اتفاق سے عاشق و تلمیذ شیر نیپال حضرت مولانا محمد جمال الدین برکاتی ابدالی صاحب مقیم حال دوحہ قطر کے پاس شجرہ شریف کا ایک نسخہ تھا جو پیر و مرشد نے انہیں عطا کیا تھا، مولانا موصوف نے اس کی تصویر کھینچ کر میرے واٹسپ پر بھیج دیا جس سے شجرہ شریف کو ترتیب دینا آسان ہوگیا۔ چنانچہ رمضان المبارک ۱۴۴۱ھ کے پہلے عشرہ کو فقیر نے شجرہ شریف کو نئے سرے سے کمپوزنگ و ترتیب دینا شروع کیا، ساتھ ہی ضروری وضاحت بھی کردی، جہاں اشارہ تھا اس کی تفصیل بھی کردی تاکہ مریدین و متوسلین کے لئے آسانی ہو اور کچھ اوراد و وظائف کا اضافہ بھی کردیا گیا ہے جو شجرہ شریف کے اخیر میں روحانی تحفہ کے نام سے ہیں تاکہ خالی وقت میں ان کا ورد کر کے روح کو تازگی بخشی جاتی رہے۔

شجرۂ عالیہ پڑھنے کے فوائد

جب کوئی شخص کسی باشرع شیخ طریقت کے ہاتھوں پر بیعت ہوجاتا ہے تو اس کا سلسلہ روحانی ان کے توسل سے حضور رحمت عالم ﷺ سے جاملتا ہے اور یہ بڑی سعادت کی بات ہے۔ بیعت ہونے کے بعد شیخ طریقت سے جو بیعت نامہ یعنی شجرہ ملے جس میں سلسلہ کے بزرگان دین اور اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کے مبارک نام ہوتے ہیں تو اس کا ورد روزانہ معمول بنالینا چاہئے کہ اس سے بے شمار دیناوی واخروی فائدے ہیں۔ اعلیٰ حضرت، امامِ اہلِ سُنّت، مُجَدِّدِ دین وملّت امام احمد رضا خان علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

شجرہ حضور سید عالم ﷺ تک بندے کے اِتّصال (یعنی سلسلہ کے ملنے) کی سند ہے

جس طرح حدیث کی اَسنادیں۔ شجرہ خوانی سے مُتعدِّد فوائد ہیں:

اوّل: رسولُ اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم تک اپنے اِتّصال کی سند کا حفظ۔ اپنے اِتّصال کی سند یاد ہو جاتی ہے، جو یقیناً سعادت ہے۔ کیونکہ جب مُرید کو یہ یاد رہے گا کہ میں نے جس مرشد کامل کے ہاتھ میں ہاتھ دیا ہے، اُن کا سلسلہ ان مشائخ عُظّام سے ہوتا ہوا نبی کریم رؤف رحیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم تک پہنچتا ہے، تو اس کے دل میں اپنے مَشائخ کی مَحبّت مزید بڑھے گی اور صالحین سے مَحبّت اُخروی نعمتوں کے حُصول کا ذریعہ ہے۔ حدیث پاک میں ہے: اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ یعنی آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے وہ مَحبّت کرتا ہے۔

دوم: صالحین کا ذِکر کہ مُوجب نُزولِ رَحمت ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ نیک لوگوں کا ذِکر گناہوں کیلئے کفّارہ ہے۔ ایک اور رِوایت میں ہے کہ نیک لوگوں کے تذکرے کے وقت رَحمت نازِل ہوتی ہے۔ عارِف باللہ سَیِّد میر عبدُ الواحد بلگرامی رَحمۃُ اللہ تعالیٰ علَیہ سَبع سَنَابل میں فرماتے ہیں: مشائخ کِرام رَحِمَہُمُ اللہ کا ذِکر سچے مریدوں کے ایمان کو تازہ کرتا ہے اور ان کے واقعات، مریدین کے ایمان پر تجلیاں ڈالتے ہیں۔ شیخ عبدالحق مُحدِّث دِہلوی رَحمۃُ اللہ تعالیٰ علَیہ اَخبارُ الاَخیار کے مُقدمہ میں فرماتے ہیں کہ اللہ پاک کے برگزیدہ بندوں کا تذکرہ باعثِ رَحمت و باعثِ قُربِ الٰہی ہے۔

سوم: نام بنام اپنے آقایانِ نعمت کو ایصالِ ثواب کہ ان کی بارگاہ سے مُوجب نظرِ عنایت ہے۔

چہارم: جب یہ (یعنی مرید) اَوقاتِ سلامت میں ان (بزرگوں) کا نام لیوا رہے گا تو وہ اَوقاتِ مُصیبت (اور مشکل گھڑی) میں اس کے دستگیر ہوں گے۔ رسولُ اللہ ﷺ فرماتے ہیں: تَعَرَّفْ اِلَى اللهِ فِي الرَّخَاءِ يَعْرِفْكَ فِي الشِّدَّةِ تو خوشحالی میں

اللہ تعالیٰ کو پہچان وہ مصیبت میں تجھ پر نظر کرم فرمائے گا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲۶ ص ۵۹۰)

اور ایک فائدہ یہ ہے کہ پیر و مرشد کی یادیں، آپ کی سنت و شریعت سے لبریز زندگی کے لمحات و ادائیں بھی ہمارے ذہن و فکر میں اپنے جلوے بکھیرتے رہیں۔ فقیر کا حال یہ ہے کہ آپ کے وصال کے بعد بھی ایسا لگتا ہے کہ آپ باحیات ہیں، آپ کی پیاری پیاری صورت، آپ کی میٹھی ادائیں، سنہری باتیں، حکمت بھری نصیحتیں اور آپ کے ساتھ گذرے ہوئے سعادت بھرے پل نگاہوں میں گردش کرتے رہتے ہیں، اکثر خواب میں اپنی موہنی صورت دکھا کر میری زندگی کو مسکراہٹ عطا فرماتے ہیں اور اپنے اس غلام کا اپنے مرشد برحق سے محبت و عقیدت کا عالم یہ ہے کہ۔

جہاں جاتے ہیں ہم تیرا فسانہ چھیڑ دیتے ہیں
کوئی محفل ہو تیرا رنگِ محفل دیکھ لیتے ہیں

شجرہ شریف کے ختم کرنے کے بعد دیگر اوراد و وظائف بھی بہت اختصار کے ساتھ اس شجرہ شریف میں بیان کئے گئے ہیں، چند دعائیں بھی جو قرآن و احادیث اور بزرگوں سے منقول ہیں شامل کردی گئیں ہیں انہیں بھی اپنے معمولات کا حصہ بنائیں ان شاء اللہ ان کی برکات سے آپ ضرور نوازے جائیں گے اور دین و عقبیٰ میں ان کے فائدے حاصل ہونگے۔ اللہ تعالیٰ ہماری خطائیں معاف فرمائے اور اپنے اور اپنے حبیب ﷺ کی یاد میں زندگی کا ہر لمحہ گذارنے کی توفیق بخشے۔

گدائے مرشد
ابوالعطر محمد عبد السلام امجدی برکاتی
(تاراپٹی نیپال) حال مقیم دوحہ قطر
شب جمعہ ۸ رمضان المبارک ۱۴۴۱ھ مطابق ۱ رمئی ۲۰۲۰ء

شجرہ شریف سے پہلے کئے جانے والے اعمال

حضور شیر نیپال رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ کو میں نے شجرہ شریف بعد نماز فجر پڑھتے دیکھا اور بہت خلوص و توجہ کے ساتھ۔ اس سے قبل آپ قرآن شریف کی تلاوت اور درود شریف کا ورد کرتے تھے پھر اس کے بعد شجرہ عالیہ کا ورد کرتے تھے۔ تو اس لئے حضرت شیر نیپال کے مریدین بھی انہیں طریقوں کے ساتھ شجرہ عالیہ کو پڑھا کریں۔ آسانی کے لئے درج ذیل معمولات شجرہ شریف سے پہلے بجالائیں۔

سورہ فاتحہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ○ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ (۱/بار)

آیۃ الکرسی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۬ۚ لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوۡمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡہِمۡ
وَمَا خَلۡفَہُمۡ ۚ وَلَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرۡسِیُّہُ
السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ ۚ وَلَا یَـُٔوۡدُہٗ حِفۡظُہُمَا ۚ وَہُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ ○ (1 بار)

سورہ اخلاص: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ○ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ○ لَمۡ یَلِدۡ ۬ۙ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ ○
وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○ (3 بار)

سورہ فلق: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ○ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ○ وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ○
وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ○ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○ (۱ بار)

سورہ ناس: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○ مَلِکِ النَّاسِ ○ اِلٰہِ النَّاسِ ○ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ
الۡخَنَّاسِ ○ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ○ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ○ (۱ بار)

دُرودِ تاج

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ
وَالْعَلَمِ ط دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ط اِسْمُهٗ
مَكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِي اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ط سَيِّدِ الْعَرَبِ
وَالْعَجَمِ ط جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِي الْبَيْتِ وَالْحَرَمِ ط
شَمْسِ الضُّحٰى بَدْرِ الدُّجٰى صَدْرِ الْعُلٰى نُوْرِ الْهُدٰى كَهْفِ الْوَرٰى مِصْبَاحِ
الظُّلَمِ ط جَمِيْلِ الشِّيَمِ ط شَفِيْعِ الْاُمَمِ ط صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ ط
وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ وَجِبْرِيْلُ خَادِمُهٗ وَالْبُرَاقُ مَرْكَبُهٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَسِدْرَةُ
الْمُنْتَهٰى مَقَامُهٗ وَقَابَ قَوْسَيْنِ مَطْلُوْبُهٗ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ
وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ
اَنِيْسِ الْغَرِيْبِيْنَ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ رَاحَةِ الْعَاشِقِيْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِيْنَ
شَمْسِ الْعَارِفِيْنَ سِرَاجِ السَّالِكِيْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِيْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ
وَالْغُرَبَاءِ وَالْمَسَاكِيْنِ سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ نَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ
وَسِيْلَتِنَا فِي الدَّارَيْنِ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَيْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَيْنِ
وَالْمَغْرِبَيْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ مَوْلَانَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ اَبِي الْقَاسِمِ
مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ ط يٰاَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ (۱ بار)

شجرۂ

عالیہ قادریہ کاتیہ مارہرہ مطہرہ

پیر طریقت حضور شیر نیپال علیہ الرحمہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّيۡ عَلٰى رَسُوۡلِهِ الۡكَرِيۡمِ ○

یاالٰہی رحم فرما مصطفیٰ کے واسطے — یارسول اللہ کرم کیجے خدا کے واسطے

مشکلیں حل کر شہ مشکل کشا کے واسطے — کر بلائیں رد شہید کربلا کے واسطے

سیّد سجاد کے صدقے میں ساجد رکھ مجھے — علم حق دے باقرِ علمِ ہدیٰ کے واسطے

صدقِ صادق کا تصدق صادقِ الاسلام کر — بے غضب راضی ہو کاظم اور رضا کے واسطے

بہر معروف وسری معروف دے بے خودسری — جندِ حق میں گن جنید با صفا کے واسطے

بہرِ شبلی شیرِ حق دُنیا کے کتّوں سے بچا — ایک کا رکھ عبد واحد بے رِیا کے واسطے

بوالفرح کا صدقہ کر غم کو فرح دے حسن وسعد — بوالحسن اور بوسعید سعد زا کے واسطے

قادری کر قادری رکھ قادریوں میں اُٹھا — قدرِ عبدالقادرِ قدرت نما کے واسطے

اَحۡسَنَ اللّٰہُ لَہٗ رِزۡقًا سے دے رزقِ حسن — بندۂ رزّاق تاجُ الاصفیا کے واسطے

نصر ابی صالح کا صدقہ صالح و منصور رکھ — دے حیاتِ دیں محیِٔ جاں فزا کے واسطے

طُورِ عرفان و علو و حمد و حسنیٰ و بہا — دے علی موسیٰ حسن احمد بہا کے واسطے

بہرِ ابراہیم مجھ پر نارِ غم گلزار کر — بھیک دے داتا بھکاری بادشا کے واسطے

خانۂ دل کو ضیا دے رُوئے ایماں کو جمال
شہ ضیا مولیٰ جمال الاولیا کے واسطے

دے محمد کے لئے روزی کر احمد کے لئے
خوانِ فضل اللہ سے حصہ گدا کے واسطے

دِین و دُنیا کے مجھے برکات دے برکات سے
عِشقِ حق دے عشقی عِشق انتما کے واسطے

حُبِّ اہلِ بیت دے آلِ محمدؐ کے لئے
کر شہید عِشق حمزہ پیشوا کے واسطے

دل کو اچھا تن کو ستھرا جان کو پُر نور کر
اچھے پیارے شمس دِیں بدرُ العلیٰ کے واسطے

دل کو اچھا تن کو ستھرا جان کو پُر نور کر
ستھرے پیارے نورحق شمس الضحیٰ کے واسطے

دو جہاں میں خادمِ آلِ رسول اللہ کر
حضرتِ آلِ رسولِ مقتدا کے واسطے

نور ایماں،نور عرفاں،نور قبر و حشر دے
بوالحسین احمدِ نوری ضیا کے واسطے

دے ہدایت دو جہاں میں ہم کو اے رب کریم
حضرت مہدی میاں باعطا کے واسطے

ہم کو اولاد رسول پاک کا رکھنا غلام
شاہ اولادِ رسول باضیا کے واسطے

قول وفعل و حال سب میں ہم کو تو سچا ہی رکھ
شہ محمد صادق مرد خدا کے واسطے

سب کی قسمت کی برائی نیکی سے کر دے بدل
حضرت بو القاسم خیر وہدیٰ کے واسطے

حب اولاد رسول پاک دے دل میں رچا
شاہ اولادِ رسول رہ نما کے واسطے

نامِ نامی جن کا ہے حضرت غلام محی الدین
بخش دے ہم کو تو ان کے اتقا کے واسطے

نور احمد ضوفگن ہم پہ اے رب عزیز
نور احمد عاشق نور خدا کے واسطے

مصطفیٰ و مرتضیٰ راضی ہوں ہم سے اے خدا
میرے مولیٰ شاہ سید ارتضا کے واسطے

مجھ کو راہ مصطفیٰ پر گامزن رکھنا مدام
میرے مرشد شاہ آل مصطفیٰ کے واسطے

یاالٰہی بہر حضرت مصطفیٰ حیدر حسن
حسن وصفوت کر عطا ان کے گدا کے واسطے

دو جہاں کی نعمتوں سے ہم کو مالا مال کر
حضرت جیش محمد بو ضیا کے واسطے

صدقہ ان اعیاں کا دے چھ عین عز،علم وعمل
عفو وعرفاں عافیت پیارے رضا کے واسطے

فاتحہ سلسلہ و دعا

منظوم شجرۂ شریف پڑھنے کے بعد مندرجہ ذیل بتائے ہوئے طریقے کے مطابق فاتحہ اور دعا کریں۔ (امجدی)

(۱) **درود غوثیہ:** اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ (7 بار)

(۲) سورہ فاتحہ اعوذ اور بسم اللہ کے ساتھ

أَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ○ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ○ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ (1 بار)

(۳) آیۃ الکرسی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ج لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○ (1 بار)

(۴) سورۂ اخلاص: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ○ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ○ لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ ○
وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○ (۳ بار)

(۵) دُرُوۡدِ غَوۡثِیَہۡ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعۡدَنِ الۡجُوۡدِ وَالۡکَرَمِ
وَاٰلِہٖ وَبَارِکۡ وَسَلِّمۡ (۷ بار)

اب اس کا ثواب بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں نذر کر کے تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام، صحابہ کرام علیہم الرضوان اور ان مشائخ عظام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی ارواح طیبہ کو نذر کریں جن کے ہاتھ پر بیعت کی ہے۔ اگر وہ زندہ ہیں تو ان کے لئے دعائے سلامتی وعافیت کریں، ورنہ ان کا نام بھی فاتحہ میں شامل کر دیں۔ دعا کا طریقہ آگے بیان کیا جائے گا۔ ان شاء اللہ

وظائف، پنج گنج قادریہ

سب سو سو بار (اول و آخر تین بار درود شریف) کے ساتھ پڑھیں۔
اِسے ہمیشہ پڑھنے سے اِن شاءاللہ عزوجل دین و دنیا کی بے شمار برکتیں ظاہر ہونگی۔

بعد نماز فجر	یَا عَزِیۡزُ یَا اَللّٰہُ
بعد نماز ظہر	یَا کَرِیۡمُ یَا اَللّٰہُ
بعد نماز عصر	یَا جَبَّارُ یَا اَللّٰہُ
بعد نماز مغرب	یَا سَتَّارُ یَا اَللّٰہُ
بعد نماز عشاء	یَا غَفَّارُ یَا اَللّٰہُ

ذکر نفی و اثبات چار ضربی

(۱) لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ	۱۰۰ بار	اول و آخر تین تین بار درود شریف
(۲) اِلَّا اللّٰہُ	۱۰۰ بار	اول و آخر تین تین بار درود شریف

ذکر اثبات و نفی چہار ضربی کیا ہے

حضور شیر نیپال اور آپ کے مشائخ سلسلہ کے شجرہ شریف میں کئی اوراد و وظائف ہیں ان میں سے ایک وظیفہ ذکر نفی و اثبات ہے۔اور پر نمبر ایک پر جو ذکر ہے اسے ذکر نفی و اثبات کہتے ہیں اور دوسرے نمبر میں جو ذکر ہے ذکر اثبات کہتے ہیں۔

ذکر اثبات و نفی کرنے کا طریقہ

مرید و طالب کو چاہیے کہ ابتدا میں بلند آواز کے ساتھ ذکر نفی و اثبات یعنی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا ورد کثرت سے کرے۔اپنی آنکھیں بند کر کے دو زانو قبلہ رخ بیٹھ جائے"لا" کو اپنی ناف کے اوپر اور دل کے نیچے سے کھینچ لے حتیٰ کہ دائیں شانے تک لائے پھر"الٰہ" کے فوراً بعد"اِلَّا اللّٰہُ" کی ضرب زور سے دل پر لگائے یہ ضرب اس قدر شدید ہو کہ دل پر لگنے کا احساس ہو۔ذکر کا آغاز آہستہ آواز سے کرے پھر درجہ بدرجہ اپنی آواز میں شدت پیدا کرے،جس کے ساتھ سر کی

گردش میں تیزی کرے یہاں تک کہ ایک مجنوں کی سی حالت ہو جائے اور لوگ دیکھیں تو اسے دیوانہ یا پاگل سمجھیں، دوران ذکر خود کو بیخود بناتے ہوئے اس قدر مست ہو جائے کہ اس کے دل میں ذکر کا نور پیدا ہو جائے۔ لَآ اِلٰہَ کا حصہ نفی پر مبنی ہے پس اسی سانس میں اثبات کا ذکر کرنا اور فوراً اِلَّا اللّٰہُ کہنا ہوگا۔

ہر حاجت کے لئے وظائف

ہر حاجت اور مشکل کے حل کے لئے سلسلہ عالیہ قادریہ برکاتیہ مشائخ اور بزرگان دین سے درج ذیل تین وظیفے منقول ہیں، یہ تینوں وظائف نہایت مفید اور مجرب ہیں۔ انشاء اللہ جس مقصد اور حاجت کے لئے وظیفہ کیا جائے گا اس میں کامیابی ضرور ہوگی۔ (امجدی)

پہلا وظیفہ

اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا شَرِیْکَ لَہٗ (آٹھ سو چوہتر (874) بار، اول و آخر گیارہ گیارہ (11-11) درود شریف: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلَاۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ تا حصول مراد (مراد کے حاصل ہونے تک) روزانہ پڑھیے۔ باوضو قبلہ رو دوزانو بیٹھ کر پڑھیں اور اسی کلمہ کو اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے، وضو بے وضو ہر حال میں بے شمار زبان پر جاری رکھیں۔ وقت معین نہیں (کسی وقت پڑھ سکتے ہیں)۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی۔

دوسرا وظیفہ

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ (450) ساڑھے چار سو بار روزانہ تا حصول

مراد (پڑھیں) اول و آخر گیارہ گیارہ (11-11) بار درود شریف: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَافِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلَاۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ) پڑھیں۔ جس وقت کسی قسم کا اضطراب اور بے چینی ہو، اس کلمے کی تکثیر (کثرت) کریں۔ وقت معین نہیں ہے۔

تیسرا وظیفہ

بعد نماز عشاء ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ

طُفیل حضرتِ دست گیر
دُشمن ہووے زیر

پڑھیں اور اوّل و آخر گیارہ۔ گیارہ بار درود شریف۔ (اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَافِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلَاۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ) تا حصول مراد (مراد حاصل ہونے تک) پڑھیں۔

شجرہ شریف کے بعد دعا کرنے کا طریقہ

اردو اور عربی دعا کے طریقے آسانی کے لئے لکھے جا رہے ہیں ایک چھوٹی دعا اور دوسری بڑی دعا۔ ان میں اکثر دعائیں قرآن شریف اور احادیث مبارکہ سے لی گئیں ہیں اور انہیں دعاؤں کا اردو ترجمہ ہے ،جبکہ بعض دعائیں بزرگان دین اور حضور شیر نیپال علیہ الرحمہ کی وہ دعائیں ہیں جو آپ اکثر کیا کرتے تھے۔ بڑی دعائیں روحانی تحفہ ملاحظہ کریں یہاں چھوٹی یعنی مختصر دعائیں تحریر کی جا رہی ہیں۔

مختصر دعائیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنۡجِیۡنَا بِھَا مِنۡ جَمِیۡعِ الۡاَھۡوَالِ وَالۡاٰفَاتِ، وَتَقۡضِیۡ لَنَا بِھَا جَمِیۡعَ الۡحَاجَاتِ، وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنۡ جَمِیۡعِ السَّیِّئَاتِ، وَتَرۡفَعُنَا بِھَا عِنۡدَکَ اَعۡلَی الدَّرَجَاتِ، وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقۡصَی الۡغَایَاتِ مِنۡ جَمِیۡعِ الۡخَیۡرَاتِ، فِی الۡحَیٰوۃِ وَبَعۡدَ الۡمَمَاتِ، اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ۔ اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ السَّلَامُ ط وَمِنۡکَ السَّلَامُ ط وَاِلَیۡکَ یَرۡجِعُ السَّلَامُ ط وَحَیِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ ط وَاَدۡخِلۡنَا الۡجَنَّۃَ دَارَالسَّلَامِ ط تَبَارَکۡتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیۡتَ یَاذَاالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ ط رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنۡیَا حَسَنَۃً وَّفِی الۡاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

یا اللہ، یارحمٰن یارحیم یاحنان یامنان یا کریم جو کچھ ذکر واذکار کیے گئے، تلاوت کی گئی، تیرے حبیب رحمت عالم ﷺ کی بارگاہ ناز میں درود وسلام کا ہدیہ پیش کیا گیا ان سب نیکیوں کا ثواب تیری بارگاہ میں پیش کرتا ہوں قبول فرما۔ یارب کریم! یہ ثواب ہمارے پڑھنے کے مطابق نہیں بلکہ اپنی رحمت کے شایانِ شان عطا فرما کر ہماری طرف سے اپنے پیارے حبیب ﷺ کو عنایت فرما۔ رحمت عالم ﷺ کے صدقہ وطفیل جملہ انبیا و مرسلین، خلفائے راشدین، اُمہات المومنین، اہل بیت اطہار، صحابہ وتابعین وتبع تابعین، ائمہ مجتہدین، مشائخ کرام، علمائے دین متین، تمام بزرگانِ دین، پیران پیر روشن ضمیر سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی غوث اعظم، سلطان الہند حضرت خواجہ غریب نواز، مجدد اعظم امام احمد رضا خان، مفتی اعظم ہند مصطفیٰ رضا خان علیہم الرحمۃ والرضوان اور سلسلہ عالیہ قادریہ برکاتیہ رضویہ نوریہ مصطفویہ نقشبندیہ سہروردیہ

چشتیہ کے تمام مشائخ معظمین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اور تمام مومنین مومنات، مسلمین مسلمات کو ان سب نیکیوں کا ثواب عطا فرما۔

الٰہ العالمین! میرے پیر و مرشد حضور شیر نیپال علیہ الرحمہ کی تربت پر رحمت و انوار کی بارشیں نازل فرما، ان کے درجات کو بلند تر فرما، ان کے فیوض و برکات کو عام فرما، ان کے صدقہ ہمارے تمام مشکلات کو دور فرمادے، الٰہی مشائخ مارہرہ مطہرہ کا صدقہ عطا فرما۔ اے اللہ بیماروں کو شفا عطا فرما، اے مولا! عالم اسلام کے کلمہ پڑھنے والے بیماروں، مجبوروں، قرضداروں اور کمزوروں پر رحمت کی نظر فرما۔ اے اللہ! ہمیں مصیبتوں سے محفوظ فرما اور عافیت عطا فرما۔ اے اللہ! ہمیں دنیا و آخرت کی بھلائیاں نصیب فرما۔ تجھے تیری رحمت کا واسطہ موت کی سختیوں سے بچانا۔ نزع کے وقت کلمہ نصیب فرمانا۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضِ عَنَّا وَتَقَبَّلْ مِنَّا وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَاَصْلِحْ لَنَا شَانَنَا كُلَّهٗ ○ اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا وَاهْدِنَا وَعَافِنَا وَارْزُقْنَا وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِيْنَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○ اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ قُلُوْبَنَا وَاَزِلْ عُيُوْبَنَا وَتَوَلَّنَا بِالْحُسْنٰى وَزَيِّنَّا بِالتَّقْوٰى وَاجْمَعْ لَنَا خَيْرَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى وَارْزُقْنَا طَاعَتَكَ مَا اَبْقَيْتَنَا ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالْمُرْسَلِيْنَ فَارْحَمْ عِبَادَكَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِيْنَ وَاخْتِمْ لَنَا بِخَيْرٍ وَافْتَحْ لَنَا بِخَيْرٍ وَبَارِكْ لَنَا فِى الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَانْفَعْنَا بِالْاٰيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ○ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

روحانی تحفہ

پیارے اسلام بھائیو! یہ دنیاوی زندگی آخرت کے مقابلے میں بہت کم ہے، اللہ تعالیٰ نے یہ دیناوی زندگی آخرت کی کامیاب زندگی کی تیاری کے لئے عطا فرمائی ہے، جو یہ مختصر اور فانی زندگی ہمیں نصیب ہوئی ہے اسے یونہی دنیاوی کاموں اور کھیل کود اور غفلت ولاپرواہی میں نہ گذاریں بلکہ اللہ تعالیٰ کی عبادت و بندگی، قرآن شریف کی تلاوت اور درود شریف کی کثرت اور دیگر نیک کاموں میں گذاریں اور اس دنیاوی قلیل زندگی کو غنیمت سمجھیں۔ حضور رحمت عالم ﷺ نے فرمایا:

پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت جانو (۱) جوانی کو بڑھاپے سے پہلے (2) صحت کو بیماری سے پہلے (3) مالداری کو تنگدستی سے پہلے (4) فرصت کو مشغولیت سے پہلے اور (5) زندگی کو موت سے پہلے۔ (المستدرک ج ۵ ص ۴۳۵ حدیث ۷۹۱۶ دار المعرفۃ بیروت)

پنج وقتہ نمازوں کے بعد کے وظائف

أَسْتَغْفِرُ اللہ (۳ بار)

لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ. لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ. وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (۱ بار)

سُبْحَانَ اللّٰهِ (۳۳ بار) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (۳۳ بار) اَللّٰهُ اَكْبَرُ (۳۴ بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ
وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○ (1 بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ○
وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○ (3 بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ○ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ○
وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ○ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○ (۱ بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○ مَلِكِ النَّاسِ ○ اِلٰهِ النَّاسِ ○ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ
الْخَنَّاسِ ○ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ○ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○ (۱ بار)

نوٹ: شجرہ شریف میں پنج وقتہ نماز کے بعد پڑھے جانے والے وظائف
جو پنج گنج قادریہ سے مشہور ہیں ان کا بھی ورد کریں۔

ہفتہ بھر کے معمولات

پیر: (۱) سورہ یٰس (۲) دلائل الخیرات سے پہلی منزل دن میں روزہ

منگل: (۱) سورہ رحمٰن (۲) دلائل الخیرات سے دوسری منزل

بدھ: (۱) سورہ واقعہ (۲) دلائل الخیرات سے تیسری منزل

جمعرات:　(۱) سورہ دخان (۲) دلائل الخیرات سے چوتھی منزل

جمعہ:　(۱) سورہ کہف (۲) دلائل الخیرات سے پانچویں منزل

ہفتہ:　(۱) سورہ فاتحہ (۲) سورہ ملک (۳) دلائل الخیرات سے چھٹی منزل

یک شنبہ:　(۱) سورہ دخان (۲) دلائل الخیرات سے ساتویں منزل

نوٹ: آسانی کے لئے ان وظائف کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ ایک حصہ صبح اور دوسرا حصہ شام کو۔ مثلاً سورتوں کی تلاوت صبح کریں اور دلائل الخیرات شام یا اس کے برعکس۔

بڑی دُعائیں

یا اللہ، یا رحمٰن یا رحیم یا حنان یا منان یا کریم جو کچھ ذکر و اذکار کیئے گئے، تلاوت کی گئی تیرے حبیب رحمت عالم ﷺ کی بارگاہ ناز میں درود و سلام کا ہدیہ پیش کیا گیا ان سب نیکیوں کا ثواب تیری بارگاہ میں پیش کرتا ہوں قبول فرما، یارب کریم! یہ ثواب ہمارے پڑھنے کے مطابق نہیں بلکہ اپنی رحمت کے شایانِ شان عطا فرما کر ہماری طرف سے اپنے پیارے حبیب ﷺ کو عنایت فرما۔ رحمت عالم ﷺ کے صدقہ وطفیل جملہ انبیا و مرسلین، خلفائے راشدین، اُمہات المؤمنین، اہل بیت اطہار، صحابہ و تابعین و تبع تابعین، ائمۂ مجتہدین، مشائخ کرام، مفسرین ومحدثین عظام، تمام بزرگانِ دین، پیران پیر روشن ضمیر سیدنا شیخ عبد القادر جیلانی غوث اعظم، سلطان الہند حضرت خواجہ غریب نواز، مجدد اعظم امام احمد رضا خان، مفتی اعظم ہند مصطفیٰ رضا خان علیہم الرحمۃ والرضوان اور سلسلہ عالیہ قادریہ برکاتیہ رضویہ نوریہ مصطفویہ نقشبندیہ سہروردیہ چشتیہ کے تمام مشائخ معظمین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اور تمام مومنین مومنات مسلمین مسلمات کو ان سب نیکیوں کا ثواب عطا فرما۔

یااللہ! ہم سب کے گناہوں کو معاف کردے، مولا! ہماری بے حساب مغفرت فرما، یااللہ! جب تیری بارگاہ میں حاضری ہوتو ہمارے پلے کوئی گناہ نہ ہو، ہماری قبر کو سانپ اور بچھوؤں کی آماجگاہ بننے سے بچالینا، اے میرے رب مجھے اور میری اولاد کو نماز کا قائم کرنے والا بنا۔ اے رب! ہمارے دل ٹیڑھے نہ کر بعد اس کے کہ تو نے ہمیں ہدایت دی اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا کر بے شک تو ہے بڑا دینے والا۔ اے ہمارے رب! بخش دے ہمارے گناہ اور جو زیادتیاں ہم نے اپنے کام میں کیں اور ہمارے قدم جمادے اور ہمیں ان کافر لوگوں پر مدد دے۔ اے ہمارے رب! تو ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری برائیاں محو فرمادے اور ہماری موت اچھوں کے ساتھ کر۔ الٰہی ہم کو ظالم لوگوں کے لئے آزمائش نہ بنا۔ اے ہمارے رب مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور سب مسلمانوں کو جس دن حساب قائم ہوگا۔

اے ربّ ہمارے ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور ہمیں آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں عذاب دوزخ سے بچا۔ اے اللہ عزَّ وجلَّ! سب کو ایمان کی سلامتی نصیب کردے، ہم سب کو مدینۂ منورہ میں زیرِ گنبد خضرا المحبوب کے جلووں میں شہادت نصیب کردے، جنت البقیع میں مدفن اور جنّتُ الفِردوس میں اپنے پیارے حبیب ﷺ کا پڑوس عطا کردے، اِلٰہُ العالمین! میرے پیرومرشد حضور شیر نیپال علیہ الرحمہ کی تربت پر رحمت و انوار کی بارشیں نازل فرما، ان کے درجات کو بلند تر فرما، ان کے فیوض و برکات کو عام فرما، ان کے صدقہ ہمارے تمام مشکلات کو دور فرمادے، الٰہی مشائخ مارہرہ مطہرہ کا صدقہ عطا فرما۔ اے اللہ بیماروں کو شفا عطا فرما، اے مولا! عالم اسلام کے کلمہ پڑھنے والے بیماروں، مجبوروں، قرضداروں اور کمزوروں پر رحمت کی نظر فرما۔ اے اللہ! بیماروں کو شفائے کاملہ عاجلہ عطا فرما۔ اے اللہ! ہمیں مصیبتوں سے محفوظ فرما اور عافیت عطا فرما۔ اے اللہ! ہمیں خیر و عافیت والی زندگی عطا فرما۔ اے اللہ! ہمیں

دنیا و آخرت کی بھلائیاں نصیب فرما۔اے اللہ!ہمیں موذی اور مہلک بیماریوں سے محفوظ فرما۔تجھے تیری رحمت کا واسطہ موت کی سختیوں سے بچانا۔نزع کے وقت کلمہ نصیب فرمانا۔اے ہمارے رب!ہمارے والدین کی مغفرت فرما۔

يَا رَبِّ بِالْمُصْطَفٰى بَلِّغْ مَقَاصِدَنَا
وَاغْفِرْلَنَا مَا مَضٰى يَا وَاسِعَ الْكَرَمِ

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ ○ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ ○ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَمِنْ سَيِّئِ الْأَسْقَامِ ○ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ ○ رَبَّنَا فَاغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ○ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَ نَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لَنَا أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ، وَسَهِّلْ لَنَا أَبْوَابَ رِزْقِكَ ○ اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْتَ الْمُسْتَعَانُ

وَعَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ ۝ اَللّٰهُمَّ أَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ
عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَابْلِغْهُ الْوَسِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ وَابْعَثْهُ مُقَامًا مَّحْمُوْدًا نِ
الَّذِىْ وَعَدْتَّهُ ۝ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ عَنَّا وَتَقَبَّلْ مِنَّا
وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَاَصْلِحْ لَنَا شَاْنَنَا كُلَّهٗ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ
كَرِيْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا وَاهْدِنَا وَعَافِنَا وَارْزُقْنَا وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ
وَاَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِيْنَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ قُلُوْبَنَا وَاَزِلْ
عُيُوْبَنَا وَتَوَلَّنَا بِالْحُسْنٰى وَزَيِّنَّا بِالتَّقْوٰى وَاجْمَعْ لَنَا خَيْرَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى
وَارْزُقْنَا طَاعَتَكَ مَا اَبْقَيْتَنَا ۝ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْنَا لِلْيُسْرٰى وَجَنِّبْنَا الْعُسْرٰى
وَاَعِذْنَا مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَسَيِّاٰتِ اَعْمَالِنَا وَاَعِذْنَا مِنْ عَذَابِ النَّارِ
وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَفِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَفِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ ۝ اَللّٰهُمَّ
اِنَّا نَسْئَلُكَ الْهُدٰى وَالتَّقْوٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ
الْمَلَائِكَةِ وَالْمُرْسَلِيْنَ فَارْحَمْ عِبَادَكَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرَضِيْنَ وَاخْتِمْ لَنَا بِخَيْرٍ وَافْتَحْ لَنَا بِخَيْرٍ وَبَارِكْ لَنَا فِى الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ
وَانْفَعْنَا بِالْاٰيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ۝ رَبِّ اغْفِرْلِىْ وَلِوَالِدَىَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ
يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِىْ صَغِيْرًا ۝ اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ
اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ اَنْ تَغْفِرَ لِىْ وَ تَرْحَمَنِىْ وَ تَتُوْبَ عَلَىَّ وَ اَنْ وَ تُعَافِيَنِىْ مِنْ جَمِيْعِ
الْبَلَاءِ وَ الْبَلْوَاءِ الْخَارِجِ مِنَ الْاَرْضِ وَ النَّازِلِ مِنَ السَّمَاءِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ
شَىْءٍ قَدِيْرٌ بِرَحْمَتِكَ وَ اَنْ تَغْفِرَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ وَ الْمُسْلِمِيْنَ وَ
الْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَ الْاَمْوَاتِ وَرَضِىَ اللهُ عَنْ اَزْوَاجِهِ الطَّاهِرَاتِ

اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْ اَصْحَابِہٖ الْاَعْلَامِ اَئِمَّۃِ الْھُدٰی وَ مَصَابِیْحِ الدُّنْیَا وَ عَنِ التَّابِعِیْنَ وَ تَابِعِ التَّابِعِیْنَ لَھُمْ بِاِحْسَانٍ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنَ ○ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔ سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○

دعا کے بعد پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْأَلُکَ الْجَنَّۃَ. وَاَسْتَجِیْرُ بِکَ مِنَ النَّارِ (تین بار)

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ (تین بار)

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ. لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ (تین بار)

درود شریف کے فوائد و برکات

(۱) جو خوش نصیب رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجتا ہے، اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتے اور رسول اللہ ﷺ خود درود بھیجتے ہیں (۲) درود شریف خطاؤں کا کفارہ بن جاتا ہے (۳) درود شریف سے اعمال پاکیزہ ہو جاتے ہیں (۴) درود شریف سے درجات بلند ہوتے ہیں (۵) گناہوں کی مغفرت کر دی جاتی ہے (۶) درود بھیجنے والے کے لئے درود خود استغفار کرتا ہے (۷) اس کے نامۂ اعمال میں اجر کا ایک قیراط لکھا جاتا ہے جو اُحد پہاڑ کی مثل ہوتا ہے (۸) درود پڑھنے والے کو اجر کا پورا پورا پیمانہ ملے گا (۹) درود شریف اس شخص کے لئے دنیا و آخرت کے تمام اُمور کیلئے کافی ہو جائے گا جو اپنے وظائف کا تمام وقت درود پاک پڑھنے میں بسر کرتا ہو (۱۰) مصائب سے نجات مل جاتی ہے (۱۱) اس کے درود پاک کی حضور ﷺ گواہی دیں گے (۱۲) اس کے لئے شفاعت واجب ہو جاتی ہے (۱۳) درود شریف سے اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس

